© rasailojaraid.com



سید فضل الرحمٰن

# قاموس الحدیث

(۶)

جَائِحَۃٌ: مصیبت۔آفت۔حادثہ۔جمع جَوَائِحُ۔

جَائِرٌ: ظالم۔من مانی کرنے والا۔بے اصول۔قانون شکن۔

جَائِزٌ: جائز۔مباح۔قابل برداشت۔

جَائِزَۃٌ: انعام۔عطیہ۔تحفہ۔

جَائِشٌ: مشتعل۔مضطرب۔بپھرا ہوا۔

جَائِفٌ: شانے سے مونڈھے تک گزرنے والی ایک رگ۔جمع جَوَائِفُ۔

جَائِفَۃُ: اندر تک پہنچنے والی چوٹ۔بڑا عیب۔جمع جَوَائِفُ۔

جَارٌ: مدد یا پناہ کا طالب ہونا۔مقصد سے ہٹنا۔کنارہ کش ہونا۔غلط فیصلہ کرنا۔ظلم کرنا۔ہم سایہ۔جمع جِیْرَانٌ۔عَلَیْکُمْ بِحُسْنِ الْجِوَارِ۔ہم سائے کے ساتھ حسن سلوک لازم کرلو۔

جَازٌ: گیس۔مٹی کا تیل۔

جَاسُوْا: وہ گھس آئے۔فَجَاسُوْا خِلَالَ الدِّیَارِ۔سو وہ تمہارے گھروں میں گھس پڑے۔

جَامِحٌ: سرکش۔ضدی۔بے لگام۔بے مہار۔من چلا۔جمع جَمَامِیْحُ۔

جَامِدٌ: خشک۔جما ہوا۔بے جان۔بے حس وحرکت۔جمع جَوَامِدُ۔

جَامِعٌ: اللہ کے ناموں میں سے ایک نام۔اہم کام جس کی وجہ سے لوگ جمع ہوں۔وَاِذَا کَانُوْا مَعَہٗ عَلٰی اَمْرٍ جَامِعٍ لَمْ یَذْهَبُوْا حَتّٰی یَسْتَاْذِنُوْہُ۔اور جب وہ کسی ایسے معاملے میں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جس میں لوگوں کے جمع ہونے کی ضرورت ہوتی ہے، رسول کے ساتھ ہوتے ہیں تو جب تک وہ اس سے اجازت نہ لے لیں وہ کہیں نہیں جاتے۔

الجَامِلُ: اونٹوں کا گلہ۔ ریوڑ۔ رَجُلٌ جَامِلٌ۔ اونٹوں والا۔

جَامُوْرٌ: کھجور کے درخت کا گوند یا اندر کا گودا۔

جَامُوسٌ: بھینس۔ جمع جَوَامِیْسٌ۔

جَانِبُ: پہلو۔ سمت۔ گوشہ۔ گھر کا صحن۔ محلے کا چوک۔ جمع جَوَانِبٌ۔ اِنْ جَانِبٌ اَعْيَاكَ فَالْحَقْ بِجَانِبٍ۔ اگر کام کی کسی ایک جہت سے ناامید ہو جاؤ تو دوسری جہت میں مصروف عمل ہو جاؤ۔

جَانِيُ: مجرم۔ گناہ گار۔ خطا کار۔ پھل توڑنے والا۔ جمع کرنے والا۔ جمع جُنَاةٌ۔

جَاهٌ: مرتبہ۔ مقام۔

جَاهِلٌ: نادان۔ ناواقف۔ بے علم۔ بے وقوف۔ جمع جُهَّالٌ۔

جَاهِلِيَّةُ: جہالت۔ گم راہی۔ وَقَرْنَ فِيْ بُيُوْتِكُنَّ وَلَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاهِلِيَّةِ الاُوْلىٰ۔ اور اپنے گھروں میں بیٹھی رہا کرو اور اگلے زمانۂ جاہلیت کی طرح اپنا بناؤ سنگھار نہ دکھاتی پھرو۔

جَنَّاءُ: بہت آنے والا۔

جَبْكاً: مضبوط کرنا۔ عمدہ بننا۔ موزہ بننا۔ رسی کو خوب بٹنا۔

جَحفَةٌ: چمڑے کی ڈھال جس میں لکڑی اور تانت نہ ہو۔ جمع حَجَفٌ۔

جُذبٌ: کاٹنا۔ پھاڑنا۔ چیرنا۔ چٹان میں سوراخ کرنا۔ وَثَمُوْدَ الَّذِيْنَ جَابُوْا الصَّخْرَ بِالْوَادِ اور ثمود جو وادی میں پتھر تراشا کرتے تھے۔ جَابَ الْخَبَرُ الْبِلَادَ۔ خبر کا پھیلنا۔

جُلٌّ: بڑا۔ اکثر۔

جِلٌّ: بڑا بزرگ۔ مَالَهٗ دِقٌّ وَّلَا جِلٌّ۔ اس کے پاس کوئی چیز نہیں، نہ چھوٹی، نہ بڑی۔ اَخَذْتُ جِلَّةَ اَمْوَالِهِمْ۔ میں نے ان کے بڑے بکرے اور اونٹ لے لیے۔

جُلَّةُ: کھجور کی ڈلیا۔ ٹوکری۔

جُلبَةُ: زخم کا کھرنڈ۔ بادل کا ٹکڑا۔ بکھری ہوئی گھاس۔ جمع جُلَبٌ۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جُلْجُلٌ: گھونگرو۔ چھوٹی گھنٹی۔ پھرتیلا لڑکا۔ چست لڑکا۔ جمع جَلاَجِلُ۔

جُلْجُلاَنٌ: تل جو کھیت سے توڑا نہ گیا ہو۔ ہرا دھنیا۔

جُلْحٌ: بغیر سینگ کی گائیں۔ بغیر سینگ کی بکریاں۔ واحد جَلْحَاءُ۔ لَيْسَ فِيهَا عَقْصَاءُ وَلاَ جَلْحَاءُ۔ ان میں کوئی پیچیدہ سینگوں والی اور بغیر سینگ کی نہ ہوگی۔ حَتّٰى يُقْتَصَّ لِلشَّاةِ الْجَلْحَاءِ مِنَ الْقَرْنَاءِ۔ یہاں تک کہ بن سینگ والی کا قصاص سینگ والی سے لیا جائے گا۔

جُلَّحٌ: بغیر سینگ کی گائیں۔ بغیر سینگ کی بکریاں۔

جِلْدٌ: کھال۔ چمڑا۔ جلد۔ جمع أَجْلاَدٌ و جُلُودٌ۔

جُلُدٌ: اندھا چوہا۔

جِلْذَاءُ: سخت اور ٹھوس زمین۔

جِلْسٌ: ہم مجلس۔

جِلْسَةٌ: بیٹھنے کی ہیئت۔

جِلْظَاءُ: سخت زمین۔

جِلْفٌ: سخت مزاج۔ روکھا۔ بے وقوف۔ خالی مٹکا۔ فَجَاءَهُ رَجُلٌ جِلْفٌ۔ ایک بیوقوف شخص آپ کے پاس آیا۔

جِلْفَاظٌ: کشتی ساز۔ کشتی بنانے والا۔ کشتی کی درزیں بند کرنے والا۔

جِلْمَاقٌ: وہ پٹھہ جس کی تانت بنائی جاتی ہے۔

جُلْمُدٌ: مضبوط آدمی۔

جُلْمُودٌ: بڑا پتھر۔ چٹان۔ مضبوط آدمی۔ مویشیوں کا بہت بڑا گلہ۔ جمع جَلاَمِدُ۔

جِلْوَازٌ: سپاہی۔ سپاہی۔

جِلْوَةٌ: کھول دینا۔ صاف صاف بیان کرنا۔ وضاحت کرنا۔ دولہن کا سنگار۔ آراستگی۔ منہ دکھائی۔

جِلَّوْذٌ: سخت اور تندخو۔

جُلُوسٌ: بیٹھنا۔ مل کر بیٹھنے والے۔

جَلْهَا: سخت کام سے روکنا۔ کھولنا۔ پگڑی کو پیشانی سے اوپر کرنا۔

جُلْهُقٌ: مٹی کا چکنا گولا۔ غلہ۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جُلْهُمٌ: موٹی چوہیا۔

جَمَّاءُ: لوہے کا خود۔ بے سینگ بکری۔ بڑی تعداد۔ اِنَّ اللّٰهَ لَيَدْنِيَنَّ الجَمَّاءَ۔ اور بے سینگ بکری کو (سینگ والی سے) بدلہ دلائے گا۔

جَمَّاءُ: مدینے سے تین میل پر ایک مقام کا نام۔

جِمَاحٌ: سرکشی۔ خودسری۔ خواہش نفس۔

جَمَارٌ: جماعت۔ گروہ۔

جَمَّازٌ: کودنے اور تیز چلنے والا جانور۔

جَمَّازَةٌ: رکشے کی مانند ایک گاڑی۔

جُمَّازَةٌ: تنگ آستینوں والا جبہ۔ اَنَّ النَّبِیَّ صلی اللّٰه علیه وسلم تَوَضَّاَ فَضَاقَ عَنْ يَدَيْهِ كُمَّا جُمَّازَةٍ كَانَتْ عَلَيْهِ۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کیا تو جبے کی آستین جو آپ پہنے ہوئے تھے تنگ ہوئیں۔ (اوپر نہ چڑھ سکیں)

جُمَاسِيَّةٌ: سردرات، جس میں پانی جم جائے۔

جَمَّاشٌ: عورتوں کو چھیڑنے والا۔

جَمَاعَةٌ: جماعت۔ گروہ۔ لوگوں کے گروپ۔ درختوں کا جھنڈ۔

جَمَالٌ: حسن۔ خوب صورتی۔ خوش اخلاقی۔ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الجَمَالَ وَالتَّجَمُّلَ۔ اللہ تعالیٰ خوب صورتی اور خوب صورت بننے کو پسند کرتا ہے۔

الجُمَالُ: انتہائی حسین۔

جَمَّالٌ: شتربان۔ ساربان۔ اونٹ کا مالک۔

الجُمَامُ: لبالب بھرا ہوا برتن۔

جُمَّانٌ: موتی۔ چاندی کے بنے ہوئے موتی۔

جُمَّانِیٌّ: لمبی زلفوں والا۔ بہت بالوں والا۔

جُمَّةٌ: پیشانی کے گھنے بال۔ مونڈھوں تک لٹکی ہوئی زلفیں۔ پانی کی بڑی مقدار۔

جُمْجُمَةٌ: لکڑی کا پیالہ۔ کھوپڑی۔ جمع جَمَاجِمُ۔ يَجْعَلُوْنَ الجَمَاجِمَ فِي الحَرْثِ۔ وہ ہل کی لکڑیوں سے کھیتی کرتے ہیں۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جُمُدٌ: سخت اور اونچی زمین۔ جمع جِمَادٌ و اَجْمَادٌ۔

جَمْرٌ: انگارے۔ کنکریاں۔ یہ جمع ہے۔ واحد جَمْرَةٌ۔ اِنَّ آدَمَ رَمٰی بِمِنًی فَاَجْمَرَ اِبْلِیْسُ بَیْنَ یَدَیْهِ۔ آدم علیہ السلام نے منیٰ میں کنکریاں ماریں تو شیطان ان کے سامنے سے بھاگا۔

جَمْرَةٌ: کنکری۔ انگارا۔ جمع جَمَرَاتٌ۔

جُمَزٌ: کھجور کے درخت کی بچی ہوئی شاخیں۔ جمع اَجْمَازٌ۔

جَمْزٌ: دوڑنا۔ تیزی سے چلنا، جو دوڑنے کے قریب ہو۔ اچھلنا کودنا۔ مذاق کرنا۔ فَلَمَّا اَذْلَقَتْهُ الحِجَارَةُ جَمَزَ۔ جب اس نے پتھروں کی تکلیف اٹھائی تو بھاگا۔

جُمْزَةٌ: کھجور کا ڈھیر۔ بڑی مقدار۔ جمع جُمَزٌ۔

جَمْسٌ: گھی کا جم جانا۔ اِنْ کَانَ جَامِسًا۔ اگر گھی جما ہوا ہو۔

جُمْسَةٌ: گدر کھجور۔ جو کھجور پوری طرح پکی نہ ہو۔ خشک کھجور۔

جَمْشٌ: گھاس کاٹنا۔ پست آواز۔ سر مونڈنا۔ انگلیوں کے سروں سے تھن دبا کر دودھنا۔ عورتوں سے دل لگی کرنا۔

جَمْعٌ: مجمع۔ ہجوم۔ جماعت۔ گروہ۔ یَوْمُ الْجَمْعِ۔ قیامت کا دن۔

جَمْعٌ: جمع کرنا۔ جوڑنا۔ ملانا۔ صحبت کرنا۔ پختہ ارادہ کرنا۔ میزان لگانا۔ اِنَّ النَّاسَ قَدْ جَمَعُوْا لَکُمْ فَاخْشَوْهُمْ۔ بے شک (کافروں نے) تمہارے مقابلے کے لیے بڑا سامان جمع کیا ہے، سو تم ان سے ڈرو۔ کَانَ یَتَکَلَّمُ بِجَوَامِعِ الْکَلِمِ۔ آپ جامع کلمے ارشاد فرمایا کرتے تھے۔ اَلْخَمْرُ جِمَاعُ الْاِثْمِ۔ شراب گناہوں کا ٹھکانا ہے۔

اَلْجُمُعَةُ: جمعے کا دن۔ کل۔ مجموعہ۔ مختلف قبائل کے ملے جلے لوگ۔ خَیْرُ یَوْمٍ طَلَعَتْ فِیْهِ یَوْمُ الْجُمُعَةِ فِیْهِ خُلِقَ اٰدَمُ وَاُدْخِلَ فِی الْجَنَّةِ وَاُخْرِجَ۔ سب دنوں سے بہتر دن، جن میں سورج نکلتا ہے، جمعے کا دن ہے۔ اسی دن آدم علیہ السلام پیدا کیے گئے اور اسی دن جنت میں داخل کیے گئے اور اسی دن جنت سے نکالے گئے۔

الجُمَلُ: موٹی رسی۔ گروہ۔ جماعت۔ کَیْفَ اَنْتُمْ اِذَا قَعَدَ الْجُمَلَاءُ عَلَی الْمَنَابِرِ یَقْضُوْنَ بِالْهَوٰی وَیَقْتُلُوْنَ بِالْغَضَبِ۔ تمہارا کیا حال ہوگا جب موٹے لوگ منبروں پر

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



بیٹھ کر اپنی خواہش کے مطابق فیصلے کریں گے اور غصے سے لوگوں کو قتل کریں گے۔

الجَمَلُ: اونٹ۔

جَمِلَ: خوب صورت بنانا۔ عمدہ بنانا۔

جَمْلاً: اکٹھا کرنا۔ جمع کرنا۔ چربی کو پگھلانا۔ خوب صورت ہونا۔ خوش اخلاق ہونا۔ بات کو مختصر کرنا۔ لَعَنَ اللّٰهُ الیَهُوْدَ حُرِّمَتْ عَلَیْهِمُ الشُّحُوْمُ فَجَمَلُوْهَا وَبَاعُوْهَا وَاَکَلُوْا اَثْمَانَهَا۔ یہود پر اللہ کی لعنت ہو کہ جب ان پر چربی حرام کی گئی تو انھوں نے چربی کو پگھلایا اور بیچا اور اس کی قیمت کھائی۔ جَمَلُ البَحْرِ: وہیل مچھلی۔

جَمَلُ الیَهُوْدِ: گرگٹ۔

جَمَّمٌ: پودوں کا بہ کثرت ہونا۔ بالوں کا لمبا ہونا۔ بالوں کا بہ کثرت ہونا۔ لَعَنَ اللّٰهُ المُجَمِّمَاتِ مِنَ النِّسَآءِ۔ اللہ نے ان عورتوں پر لعنت فرمائی جو مردوں کی طرح پٹے رکھیں یعنی بالوں کو لمبا نہ ہونے دیں۔ مَنْ اَحَبَّ اَنْ یَّسْتَجِمَّ لَهُ النَّاسُ قِیَاماً فَلْیَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ۔ جس شخص کو یہ پسند ہو کہ لوگ جمع ہو کر اس کے لیے کھڑے رہیں وہ اپنا ٹھکانہ دوزخ میں بنالے۔

جُمُوْحٌ: (گھوڑے کا) سرکش ہونا۔ قابو میں نہ آنا۔ آدمی کا خودسر ہونا۔ کسی کی بات نہ ماننا۔ تیز بھاگنا۔ ایک طرف جھک جانا۔ جَمَحَتِ السَّفِیْنَةُ۔ کشتی (ملاح کے) قابو سے باہر ہوگئی۔

جُمُوْدٌ: جم جانا۔ خشک ہونا۔ دودھ ختم ہوجانا۔ خشک سالی ہونا۔ بخیل ہونا۔ جما ہوا پانی۔

جُمَّیْزٌ: گولر کا درخت۔ گولر کا پھل۔ واحد جُمَّیْزَةٌ۔

الجَمُوْمُ: بڑی مقدار والی شے۔ بِئْرٌ جَمُوْمٌ۔ بہت پانی والا کنواں۔

جَمْهَرَةٌ: جمع کرنا۔ مجموعہ۔ کل۔ ہر چیز کا بڑا حصہ۔

جُمْهُوْرٌ: ہر چیز کا بڑا حصہ۔ ریت کا ٹیلہ۔ عوام۔ اکثر لوگ۔ بڑی جماعت۔ ہجوم۔ مجمع۔ جمع جَمَاهِیْرُ۔

جُمْهُوْرِیٌّ: عوامی۔ پبلک کا۔ عام لوگوں کا۔ نشہ۔ شراب۔ حُکْمٌ الجُمْهُوْرِیٌّ: جمہوری حکومت، عوامی حکومت۔

جَمِیْرٌ: لوگوں کے اکٹھا ہونے کی جگہ۔ گوندھے ہوئے بال۔ تاریکی۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جَمِیرَۃٌ: چوٹی (بالوں کی)۔ بالوں کو اکٹھا کر کے گردن کے پیچھے باندھنا۔ بالوں کی لٹ۔ گچھا۔ جمع جَمَائِرُ۔

جَمِیمٌ: بہت زیادہ۔ گھنا۔ گنجان۔ کثیر۔

جِنٌّ: ایک مخلوق جو آگ سے پیدا ہوئی۔

جَنَّ: چھپنا۔ تاریک ہونا۔ ڈھانپنا۔ چھپانا۔ فَلَمَّا جَنَّ عَلَیْہِ اللَّیْلُ رَاٰی کَوْکَبًا۔ پھر جب اس (ابراہیم) پر رات چھا گئی تو اس نے ایک ستارے کو دیکھا۔

جُنَّ: پاگل ہونا۔ عقل زائل ہونا۔ دیوانہ ہو جانا۔ انتہائی حیرت زدہ ہونا۔

جَنَاءٌ: جھکا ہوا ہونا۔ جھکنا۔ کبڑا ہونا۔

جَنَابٌ: گوشہ۔ حصہ۔ گھر کا صحن۔ محلہ۔ حفاظت۔ مَرُّوْا یَسِیْرُوْنَ بِجَانِبَیْہِ۔ وہ اس کے دونوں حصوں سے گزرے۔ اَنَا فِیْ جَنَابِ فُلَانٍ۔ میں فلاں کی حفاظت میں ہوں۔

جُنَابٌ: پہلو کا درد۔ پہلو کا پھوڑا۔ نمونیا۔

جَنَابَۃٌ: نجس ہونا۔ حالت جنابت میں ہونا۔

جَنَاحٌ: بازو۔ پہلو۔ شانہ۔ بغل۔ عمارت کا حصہ۔ اُولِیْ اَجْنِحَۃٍ مَّثْنٰی وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ۔ دو دو اور تین تین اور چار چار پروں والے۔ وَاخْفِضْ لَھُمَا جَنَاحَ الذُّلِّ مِنَ الرَّحْمَۃِ۔ اور ان کے آگے مہربانی سے جھکے رہنا۔

جُنَادِیٌّ: وہ کپڑا جو دیوار پر لگایا جائے۔ غالیچے کی ایک قسم۔ سَتَرْنَا الْبَیْتَ بِجُنَادِیٍّ اَخْضَرَ فَدَخَلَ اَبُوْ اَیُّوْبَ فَلَمَّا رَاٰہُ خَرَجَ اِنْکَارًا لَہٗ۔ ہم نے گھر پر سبز اونی کپڑا چڑھا رکھا تھا۔ ابوایوب انصاری وہاں آئے تو دیکھ کر واپس چلے گئے۔ انھوں نے اس کو برا جانا۔

جِنَازَۃٌ: جنازہ۔ مردہ۔ مردے کا تابوت یا چارپائی۔ اندوہناک بات۔ جمع جَنَائِزُ۔

جِنَایَۃٌ: جرم کرنا۔ گناہ کرنا۔ لَا یَجْنِیْ جَانٍ اِلَّا عَلٰی نَفْسِہٖ۔ ہر جرم کا مواخذہ جرم کرنے والے ہی سے ہوگا۔

جَنَایَۃٌ: پھل توڑنا۔

جَنَبٌ: دھکیلنا۔ دفع کرنا۔ ہٹانا۔ دور کرنا۔ بچانا۔ الگ رکھنا۔ وَاجْنُبْنِیْ وَبَنِیَّ اَنْ نَّعْبُدَ الْاَصْنَامَ۔ مجھے اور میرے بیٹوں کو اس سے دور رکھ کہ ہم بتوں کی عبادت کرنے لگیں۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جَنَباً: دور ہونا۔ الگ ہونا۔ پہلو کی طرف جھکنا۔ لنگڑا کر چلنا۔ بے چین ہونا۔

جَنَبٌ: پست قامت۔ چھوٹے قد والا۔

جُنِبَ: پہلو کے درد میں مبتلا ہونا۔ نمونیا میں مبتلا ہونا۔ جنوبی ہوا لگنا۔ جُنِبَ الْقَوْمُ اَوِ الزَّرْعُ۔ لوگوں یا کھیتی کو جنوبی ہوا لگی۔

جُنُبٌ: دور۔ رفیق سفر۔ پڑوس میں قیام کرنے والا۔ سرکش۔ نافرمان۔ فَبَصُرَتْ بِهٖ عَنْ جُنُبٍ وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ۔ پھر وہ اس کو دور ہی سے دیکھتی رہی اور ان کو خبر بھی نہ تھی۔ وَالْجَارِ الْجُنُبِ وَالصَّاحِبِ بِالْجَنْبِ وَابْنِ السَّبِيْلِ۔ اور اجنبی پڑوسی اور ساتھ بیٹھنے والے اور مسافر کے ساتھ۔

جَنْبَةُ: کسی چیز کا کنارہ۔ گوشہ۔ پرہیز۔ علیحدگی۔ عَلَيْكُمْ بِالْجَنْبَةِ فَاِنَّهَا عَفَافٌ۔ عورتوں سے الگ رہنا اپنے اوپر لازم کرلو (ہر وقت عورتوں کے ساتھ نہ بیٹھو) اس سے آدمی پاک رہتا ہے (بدکاری اور گناہوں سے بچا رہتا ہے)۔

جُنْبُذَةٌ: گنبد۔ قبہ۔ فِيْهَا جَنَابِذُ مِنْ لُؤْلُؤٍ۔ جنت میں موتی کے گنبد ہوں گے۔

جَنَّةٌ: جنت۔ باغ۔ آخرت کی نعمتوں کا گھر۔ جمع جِنَانٌ۔

جِنَّةٌ: جنون۔ دیوانگی۔ آسیب کا اثر۔ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ۔ جنوں میں سے اور انسانوں میں سے۔

جُنَّةٌ: ڈھال۔ ڈھانکنے کی چیز۔ نقاب۔ حفاظت کا ذریعہ۔ جمع جُنَنٌ۔ اَلصَّوْمُ جُنَّةٌ۔ روزہ نفسانی خواہشات سے بچنے کا ذریعہ ہے۔

جُنْحٌ: ٹکڑا۔ حصہ۔ تاریکی۔ جھکنا۔ مائل ہونا۔ فرماں بردار ہونا۔ وَقَدْ جَنَحَ اللَّيْلُ۔ رات کی تاریکی شروع ہوگئی۔ اِذَا كَانَ جُنْحُ اللَّيْلِ فَكُفُّوْا صِبْيَانَكُمْ۔ جب رات کا کچھ حصہ آجائے تو اپنے بچوں کو روک کر رکھو۔ (باہر نہ پھرنے دو)۔

جَنَدٌ: سخت زمین۔ مٹی جیسا پتھر۔ ٹھیکرا۔ یمن کا ایک شہر۔

جُنْدٌ: فوج۔ لشکر۔ گروہ۔ جمع اَجْنَادٌ و جُنُوْدٌ۔

جُنْدَبُ: ایک قسم کی ٹڈی جو آواز نکالتی ہے اور اچھلتی ہے۔ جمع جَنَادِبُ۔ فَجَعَلَ الْجَنَادِبُ يَقَعْنَ فِيْهِ۔ ٹڈیاں اس میں گرنا شروع کردیا۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جَنْدَعٌ: آفت۔ بلا۔ مصیبت۔ زمین کے موذی جانور۔ اِنِّی اَخَافُ عَلَیْکُمُ الْجَنَادِعَ۔ مجھے تم پر مصیبتوں کا ڈر ہے۔

جُنْدِیٌّ: فوجی۔ سپاہی۔

جَنْزٌ: جمع کرنا۔ ڈھانپنا۔

جِنْسٌ: اصل۔ نوع۔ قسم۔ صنف۔ قوم۔ جمع اَجْنَاسٌ۔

جِنْسِیَّۃٌ: قومیت۔ حق شہریت۔

جَنَفٌ: ایک طرف جھک جانا۔ ظلم کرنا۔ کسی کا حق تلف کرنا۔ مَا تَجَانَفْنَا الْاِثْمَ۔ ہم نے جان بوجھ کر کسی کا حق نہیں مارا۔ فَمَنْ خَافَ مِنْ مُوْصٍ جَنَفًا اَوْ اِثْماً فَاَصْلَحَ بَیْنَھُمْ فَلَا اِثْمَ عَلَیْہِ۔ جس کو وصیت کرنے والے کی طرف سے ناانصافی کا اندیشہ ہو اور وہ شخص ان میں صلح کرادے تو اس پر کچھ گناہ نہیں۔

جَنْقٌ: منجنیق سے حملہ کرنا۔

جُنُقٌ: منجنیق سے پھینکے جانے والے پتھر۔

جَنَنٌ: پردہ۔ قبر۔ آڑ۔ کفن۔ مردہ۔ جمع اَجْنَانٌ۔ وَلِیَ دَفْنَ رسول اللہ صلی علیہ وسلم وَاِجْنَانَہٗ عَلِیٌّ وَالْعَبَّاسُ۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے دفن اور قبر میں چھپانے کا تمام کام حضرت علی اور حضرت عباس نے کیا۔

جُنُوْءٌ: کبڑا ہونا۔ جھکا ہوا ہونا۔ مینڈھے وغیرہ کے سینگوں کا پیچھے کی طرف مڑا ہوا ہونا۔ موڑنا۔ ٹیڑھا کرنا۔ اِنَّ یَھُوْدِیاً زَنیٰ بِاِمْرَءَۃٍ فَاَمَرَ بِرَجْمِھِمَا فَجَعَلَ الرَّجُلُ یَجْنِیْ عَلَیْھَا۔ ایک یہودی نے ایک عورت سے زنا کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دونوں کو سنگسار کرنے کا حکم دیا۔ (جب پتھر لگنے لگے تو) مرد نے عورت پر جھکنا شروع کر دیا۔ (اس کو پتھروں سے بچانے کے لیے)۔

جُنُوْباً: ہوا کا جنوب کی طرف سے چلنا۔ ہوا کا جنوب کی طرف جانا۔

جُنُوْنٌ: دماغی خلل۔ دیوان گی، بے وقوفی۔ جُنُوْنٌ فِیْ اَمْرٍ مِّنَ الْاُمُوْرِ۔ کسی ایک کام کی دھن۔

جُنُوْنِیٌّ: دیوانہ۔ پاگل۔

جَنْیٌ: درخت سے پھل توڑنا۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جَنِیٌّ: تازہ توڑا ہوا پھل۔

جَنِینٌ: قبر۔ پیٹ کا بچہ۔ پوشیدہ چیز۔ جمع اَجِنَّۃٌ۔

جِوَاءٌ: کشادہ وادی۔ گھروں کے درمیان کھلی جگہ۔

جَوَّابٌ: بہت گھومنے والا۔ سیاح۔

جُوَاثیٰ: بحرین کی ایک بستی جہاں مسجدِ نبوی کے بعد سب سے پہلے جمعہ ادا کیا گیا۔

جَوَادٌ: سخی۔ فیاض۔ عمدہ نسل کا گھوڑا۔ تیز رفتار گھوڑا۔ جمع اَجوَادٌ و جیَادٌ۔ فَسِرتُ اِلَیہِ جَوَادًا۔ میں تیز رفتار گھوڑے کی طرح اس کی طرف چلا۔

جَوَّادٌ: بہت سخی۔ بہت فیاض۔ اللہ تعالیٰ کا اسم صفت۔

جُوَادٌ: اونگھ۔ نیند۔ پیاس۔

جَوَّارٌ: ہل چلانے والا۔ انگور یا کھجور کے باغ میں کام کرنے والا۔

جِوَارٌ: ساتھ رہنا۔ پڑوس میں رہنا۔ اعتکاف کرنا۔ مشابہ ہونا۔ قریب ہونا۔ امان۔ عہد۔ مدد۔ جِوَارَ اَبِی بَکرا۔ حضرت ابوبکر صدیق کی پناہ۔

جَوَازٌ: بڑھ جانا۔ طے کرنا۔ جائز ہونا۔ نافذ ہونا۔ ممکن ہونا۔ اباحت۔ پاسپورٹ۔ جمع جَوَازَاتٌ۔

جَوَّاسٌ: لوگوں میں گھس کر فساد پھیلانے والا۔

جَوَارِشُ: یونانی دواؤں کا ایک مرکب جو معجون کی مانند ہوتا ہے۔ جوارش خوش ذائقہ ہوتی ہے اور معجون بدمزہ۔

جَوَّاظٌ: اکڑ کر چلنے والا۔ اکڑ۔ بسیار خور۔

جُوَاظٌ: دل برداشتگی۔ بے صبری۔

جَوَّالٌ: بہت گھومنے والا۔ پھیری لگانے والا۔ بہت سفر کرنے والا۔

جَوَّالَۃٌ: سیاح۔ بہت سفر کرنے والا۔

جُوَالِقٌ: ٹوکرا۔ جمع جَوَالِقٌ۔

جَوبَۃٌ: بادلوں یا پہاڑوں کے درمیان کا خلا۔ فاصلہ۔ گول بڑا گڑھا۔ گھروں کی درمیان خالی جگہ۔ ڈھال۔ جمع جُوَبٌ۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جَوْثٌ: قبہ۔ بکری کا اوجھ۔

جَوْثَۃٌ: ایک مقام کا نام۔ ایک قبیلے کا نام۔

جَوْحٌ: ہلاک کرنا۔ تباہ کرنا۔ برباد کرنا۔ جڑ سے اکھاڑ دینا۔ خربوزہ۔ اَعَاذَکُمُ اللّٰہُ مِنْ جَوْحِ الدَّھْرِ۔ اللہ تعالیٰ تمہیں زمانے کی آفتوں سے محفوظ رکھے۔

جَوْخٌ: کاٹ دینا۔ پھاڑنا۔ اکھاڑنا۔ زخم پھٹ کر مواد نکلنا۔

جُوْخٌ: سیاہ رنگ کی نفیس بنات۔ اونی کپڑا۔ جمع اَجْوَاخٌ۔

جُوْخَۃٌ: گڑھا۔ اونی کپڑے کا ٹکڑا۔ پوری آستین کی قمیض۔

جَوْدٌ: سخاوت کرنا۔ فیاضی کرنا۔ موسلا دھار بارش۔ لَمْ یَاْتِ اَحَدٌ مِّنْ نَاحِیَۃٍ اِلَّا حَدَّثَ بِالْجَوْدِ۔ نواحی علاقوں میں سے جو بھی آیا اس نے یہی بیان کیا کہ خوب بارش ہوئی۔ تَرَکْتُ اَھْلَ مَکَّۃَ وَقَدْ جِیْدُوْا۔ میں نے اہل مکہ کو اس حال میں چھوڑا کہ ان پر موسلا دھار بارش ہوئی تھی۔

جَوْدَۃٌ: عمدہ ہونا۔ بہتر ہونا۔ اچھی بات کرنا۔ اچھا کام کرنا۔ تیز رفتار ہونا۔

جُوْدَۃٌ: عمدہ ہونا۔ بہتر ہونا۔ اچھی بات کرنا۔ اچھا کام کرنا۔ تیز رفتار ہونا۔

جَوْرٌ: جھک جانا۔ ظلم کرنا۔ عِنْدَہٗ مِنَ الْمَالِ الْجَوْرُ۔ اس کے پاس غیر معمولی دولت ہے۔

جَوْرَبٌ: موزہ۔ جمع جَوَارِبُ۔

جَوْزٌ: جائز ہونا۔ بڑھ جانا۔ طے کرنا۔ درست ہونا۔ مان لینا۔ پار کرنا۔

جَوْزٌ: اخروٹ۔ اخروٹ کی لکڑی۔ واحد جَوْزَۃٌ۔

جُؤوْزٌ: بڑھ جانا۔ طے کرنا۔ جائز ہونا۔ نافذ ہونا۔ ممکن ہونا۔

جَوْزَاءُ: ایک ستارے کا نام۔

جَوْزَۃٌ: اخروٹ۔ چھوٹے انگوروں کی ایک قسم۔ حقہ۔ تمباکو نوشی کا پائپ۔ جمع جَوْزٌ۔

جَوْزُ الْاَرْقَمِ: مونگ پھلی۔

جَوْزُ جُنْدُمْ: سنگھاڑا۔ شکر قندی۔

جَوْزُ صَنُوْبَرْ: چلغوزہ۔

جَوْزُ الطِّیْبِ: جائفل۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جَوْزُ المَاثِلِ: دھتورہ۔

جَوْزُ الهِنْدِ: ناریل۔

جَوْزِیٌّ: اخروٹ نما۔

جُوْزِیٌّ: گاڑی بان۔

جَوْسٌ: کسی بات کی ٹوہ لگانا۔گھس جانا۔گھورنا۔گھومنا۔سراغ لگانا۔آمدورفت رکھنا۔چھان بین کرنا۔

جَوْشٌ: ساری رات چلنا۔بلند ہونا۔پھیلنا۔سینہ۔درمیانی حصہ۔

جُوْشُ: سینہ۔

جَوْشَنٌ: سینہ۔زرہ۔جمع جَوَاشِنُ۔

جَوْظٌ: اکڑ کر چلنا۔بے قرار ہونا۔

جَوْعٌ: بھوک لگنا۔بھوکا ہونا۔

جُوْعٌ: بھوک۔فاقہ۔اِذَا کَانَ بِالْمَدِیْنَةِ جُوْعٌ تَقُوْمُ عَنْ فِرَاشِكَ فَلَاتَبْلُغُ الْمَسْجِدَ۔ جب مدینے میں قحط پڑے گا تو بھوک کے مارے تو اپنے بستر سے اٹھ کر مسجد تک نہ جا سکے گا۔

جَوْفٌ: کھوکھلا ہونا۔بیچ میں سے خالی ہونا۔پیٹ۔باطن۔نرم ہموار زمین۔

جَوْقٌ: موٹی گردن والا ہونا۔ٹیڑھے منہ والا ہونا۔لوگوں کو جمع کرنا۔مجمع۔لوگوں کی بھیڑ۔

جَوْلٌ: گھومنا۔پھرنا۔پسند کرنا۔بلند ہونا۔ابھرنا۔چکر لگانا۔چھانٹنا۔منتخب کرنا۔دھتکارنا۔

جُوْلٌ: کنوئیں کا کنارہ۔وادی کا کنارہ۔زمین پر اڑنے والی مٹی۔جانوروں کا بڑا گلہ۔کھیت۔ میدان۔جمع اَجْوَالٌ۔

جَوْلَانُ: گولان۔شام کے ایک پہاری سلسلے کا نام۔

جَوْلَةٌ: گشت۔دورہ۔سفر۔پھیرا۔چکر۔جمع جَوْلَاتٌ۔

جَوْنٌ: کالا ہونا۔سفید ہونا۔دن۔جِئْتُ اِلَی النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم وَعَلَیْهِ بُرْدَةٌ جَوْنِیَّةٌ۔میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا تو آپ ایک سفید چادر اوڑھے ہوئے تھے۔

جُوْنَاءُ: سورج۔ہانڈی۔کالی اونٹنی۔

جُوْنَةُ: سیاہی۔جھاڑی۔عطر رکھنے کی کپی۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جَوْہٌ: سامنا کرنا۔

جُوِیَ: پیٹ کی بیماری۔ سینے کی تکلیف۔ تنگ دل ہونا۔ طویل بیماری میں مبتلا ہونا۔ عشق ومحبت کی سوزش۔

جَوِیٌّ: فضائی۔ ہوئی۔ خلائی۔

جُوَیْرِیَۃ: جاریہ کی تصغیر ہے۔ ازواج مطہرات میں سے ایک کا نام۔

جَھَادٌ: ہموار زمین۔ جنگل۔ سخت زمین۔ اَنَّہٗ صلی اللّٰہ علیہ وسلم نَزَلَ بِاَرْضٍ جَھَادٍ۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک ہموار زمین پر اترے۔

جِھَادٌ: ایک دوسرکے مقابل کوشش کرنا۔ اللہ کی رضا اور اس کا دین پھیلانے کے لیے کافروں سے لڑنا۔ لَاھِجْرَۃَ بَعْدَ الفَتْحِ وَلٰکِنْ جِھَادٌ وَّنِیَّۃٌ۔ فتح مکہ کے بعد ہجرت نہیں رہی (مکہ دارالاسلام ہوگیا) صرف جہاد اور اس کی نیت باقی ہے۔ (یہ قیامت تک باقی رہیں گے)

جَھَادِیٌّ: جنگ سے متعلق۔ لڑائی سے متعلق۔

جَھَارَۃٌ: آواز کی بلندی۔ حسن منظر۔

جَھَازٌ: ضرورت کا سامان۔ جہیز۔ دولہن کا سامان۔ سفر کا سامان۔ مردے کا کفن وغیرہ۔

جَھَامٌ: پانی سے خالی بادل۔ جاءَ نِیْ مِنْ ھٰذا الاَمْرِ بِجَھَامٍ۔ اس معاملے میں مجھے کوئی مفید چیز نہیں ملی۔

جَھْبٌ: بھاری اور بدنما چہرہ۔

جِھْبِذٌ: عقل مند آدمی۔ بات کو پرکھنے والا۔

جِھْبَاذٌ: ماہر نقاد۔ کھرے کھوٹے کو پرکھنے والا۔ جمع جَھَابِذَۃٌ۔

جَھْجَھَۃٌ: للکارنا۔ ڈانٹنا۔ روکنا۔ باز رہنا۔ آوازیں لگانا۔ اَنَّ رَجلاً مِنْ اَسْلَمَ عَدَا عَلَیْہِ ذِئْبٌ فَانْتزَعَ شاۃً مِّنْ غَنَمِہٖ فَجَھْجَھَہُ الرَّجُلُ۔ بھیڑیا اسلم قبیلے کے ایک شخص کی بکریوں میں سے ایک بکری نکال کر لے چلا تو اس شخص نے بھیڑیے کو للکارا۔

جُھْدٌ: طاقت۔ قدرت۔ وَالَّذِیْنَ لَایَجِدُوْنَ اِلَّا جُھْدَھُمْ۔ اور جن کو محنت ومزدوری کے سوا کچھ میسر نہیں۔

جَھْدٌ: کوشش کرنا۔ طاقت سے زیادہ بوجھ لادنا۔ وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰہِ جَھْدَ اَیْمَانِھِمْ۔ اور ان

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کافروں نے اللہ کی بہت پختہ قسمیں کھائی تھیں۔

جَهْدَانٌ: تھکاماندہ۔ مشقت میں پڑا ہوا۔

جَهَرًا: چندھیا جانا۔ چکاچوند ہونا۔

جَهْرٌ: پکارنا۔ ظاہر ہونا۔ کھول دینا۔ بڑا سمجھنا۔ جَهَرْتَ الْجَيْشَ: تو نے لشکر کو بہت سمجھا۔ اَلْجَاهِرُ بِالْقُرْاٰنِ كَالْجَاهِرِ بِالصَّدَقَةِ۔ قرآن کو پکار کر پڑھنے والا علانیہ خیرات کرنے والے کی مانند ہے۔ (دکھاوے کی نیت نہ ہو تو اس میں کوئی برائی نہیں) وَاِنْ تَجْهَرْ بِالْقَوْلِ فَاِنَّهٗ يَعْلَمُ السِّرَّ وَاَخْفٰى۔ اگر تو پکار کر بات کہے تو بے شک وہ تو چھپی ہوئی بات کو اور اس سے بھی زیادہ چھپی ہوئی بات جانتا ہے۔

جَهْرَةً: ظاہری طور پر۔ علانیہ۔ لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ حَتّٰى نَرَى اللّٰهَ جَهْرَةً۔ ہم تجھ پر ہرگز ایمان نہیں لائیں گے، جب تک ہم اللہ کو علانیہ نہ دیکھ لیں۔

جَهْرِيٌّ: عام۔ کھلا ہوا۔ ظاہر۔ علانیہ۔

جَهْرِیْ: وہ نماز جس میں آواز کے ساتھ قرأت کی جاتی ہے۔

جَهْزٌ: زخمی کا کام تمام کر دینا۔ جلدی سے قتل کر دینا۔ اَنَّهٗ اَتٰى عَلٰى اَبِىْ جَهْلٍ وَهُوَ صَرِيْعٌ فَاَجْهَزَ عَلَيْهِ (حضرت عبداللہ بن مسعود) ابوجہل کے پاس آئے تو وہ زخمی ہو کر پڑا ہوا تھا، انھوں نے اس کا کام تمام کر دیا۔

جَهْشٌ: رونے کے لیے تیار ہونا۔ رونے کے قریب ہونا۔ اَنَّ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم كَانَ بِالْحُدَيْبِيَةِ فَاَصَابَ اَصْحَابَهٗ عَطَشٌ۔ قَالُوْا فَجَهَشْنَا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حدیبیہ میں ٹھہرے ہوئے تھے تو صحابہ کرام کو پیاس نے آ گھیرا۔ وہ کہتے ہیں کہ ہم رونی صورت بنا کر آپ کے پاس بھاگے۔

جَهْشَةٌ: لوگوں کا ایک گروہ۔ رونے کے قریب ہوتے وقت کا آنسو۔

جَهْضٌ: غالب ہونا۔ جلدی سے ہٹا دینا۔ دور کرنا۔ الگ کرنا۔ روکنا۔ فَاَجْهَضُوْهُمْ عَنْ اَثْقَالِهِمْ يَوْمَ اُحُدٍ۔ احد کے دن انھوں نے ان کو ان کے سامان سے ہٹا دیا۔

جَهْلٌ: بے علمی۔ نادانی۔ زور سے ابال آنا۔ جاہل ہونا۔ قَالُوْا اَتَتَّخِذُنَا هُزُوًا قَالَ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْجَاهِلِيْنَ۔ انھوں نے کہا کہ کیا تم ہم سے مذاق کرتے ہو۔ موسیٰ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



نے کہا کہ میں اللہ کی پناہ مانگتا ہوں کہ میں (مذاق کر کے) جاہلوں میں سے ہو جاؤ۔

**جَهْمٌ:** ترش روئی سے پیش آنا۔ بدکلامی کرنا۔ ناک بھوں چڑھانا۔

**جَهْنٌ:** ترش روئی۔

**جَهَنَّمُ:** دوزخ۔

**جَهَنَّمِيٌّ:** مہلک۔ دھماکہ خیز۔ شیطانی۔ دوزخی۔

**جَهْوَشٌ:** تیز رفتار۔

**جَهُوْمٌ:** عاجز۔ لاچار۔

**جَهِيْرٌ:** خوش نما چہرہ۔ روشن چہرہ۔

**جَهِيْزٌ:** تیز آواز۔ پھرتیلا گھوڑا۔ فَرَسٌ جَهِيْزُ الشَّدِّ۔ تیز دوڑنے والا گھوڑا۔

**جُهَيْنَةُ:** فُضَاعَة کا ایک قبیلہ۔

**جِيٌّ:** مکے اور مدینے کے درمیان ایک وادی۔

**جَيْءٌ:** آنا۔ جانا۔ لانا۔ بارش ہونا۔ واقع ہونا۔ مقصد میں کامیاب ہونا۔

**جِيَاءٌ:** ہانڈی کا سرپوش۔

**جِيْئَةٌ:** آنے کی ہیئت۔ آنے کی نوعیت۔

**جَيْئَةٌ:** زخم کا مواد۔ کچ لہو۔ پیوند۔

**جِيَادٌ:** مکے میں ایک مقام کا نام۔

**جَيَّارٌ:** چونا فروش۔

**جَيَّاظٌ:** اکڑ کر چلنے والا۔

**جَيَّافٌ:** کفن چور۔ لَايَدْخُلُ الْجَنَّةَ جَيَّافٌ۔ کفن چور جنت میں نہیں جائے گا۔

**جَيْبٌ:** گریبان لگانا۔ دل۔ سینہ۔ جیب۔ وَلْيَضْرِبْنَ بِخُمُرِهِنَّ عَلٰى جُيُوْبِهِنَّ۔ اور اپنے دوپٹے اپنے اپنے گریبانوں پر ڈالے رکھیں۔

**جِيَّةٌ:** وہ پانی جو نشیب میں جمع ہو جائے۔

**جَيْحَانُ:** بلخ کے قریب ایک نہر۔

**جَيْحُوْنُ:** بلخ کے قریب ایک نہر۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جِیْدُ: گردن۔ گردن کا اگلا حصہ۔ چھوٹا کوٹ۔

جَیِّدُ: عمدہ۔ بہتر۔ خواش گوار۔

جَیَدُ: لمبی گردن والا ہونا۔

جَیَرًا: پستہ قد۔ موٹا۔

جِیْرٌ: بغیر بجھا چونا۔ گچ۔

جَیْرِ: ہاں۔

جَیْرَ: ہاں۔

جَیْرَۃُ: پڑوس۔

جِیْزَۃُ: ایک شہر کا نام، جو مصر میں دریائے نیل پر واقع ہے۔

جِیْشٌ: ایک لمبی گھاس۔

جَیْشٌ: ابل کر بہنا۔ زور سے بہنا۔ جوش مارنا۔ سمندر میں طوفان آنا۔ گھوڑے کا بدکنا۔ جنگ کا شدت اختیار کرنا۔ جی متلانا۔ قے آنا۔ طیش میں آنا۔

جَیْشَانُ: جوش۔ غصہ۔ طیش۔ ابال۔ اضطراب۔ یَاعلی لَا تُصَلِّ فِیْ ذَاتِ الْجَیْشِ۔ اے علی ذاتُ الجیش پر نماز مت پڑھ۔

جَیْصٌ: مائل ہونا۔ منحرف ہونا۔ مڑ جانا۔ اکڑ کر چلنا۔ اترا کر چلنا۔ بچنا۔ الگ رہنا۔ لڑائی سے بھاگنا۔

جَیْضٌ: مائل ہونا۔ منحرف ہونا۔ مڑ جانا۔ اکڑ کر چلنا۔ اترا کر چلنا۔ بچنا۔ الگ رہنا۔ لڑائی سے بھاگنا۔

جَیَظَانٌ: اکڑ کر چلنا۔

جَیْعَمُ: بھوکا۔

جَیْفٌ: بدبودار ہونا۔ سڑ جانا۔ اَتُکَلِّمُ نَاسًا قَدْ جَیَّفُوْا۔ کیا آپ ایسے لوگوں سے بات کرتے ہیں جو مر کر سڑ گئے۔

جِیْفَۃُ: سڑی ہوئی لاش۔ لَا اَعْرِفَنَّ اَحَدَکُمْ جِیْفَۃَ لَیْلٍ قُطْرُبَ نَهَارٍ۔ میں تم میں سے کسی کو اس شخص کی طرح نہ پاؤں جو رات بھر بے جاں لاش کی طرح محو خواب رہتا ہو اور دن بھر دنیا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کمانے میں دوڑ دھوپ کرتا ہو۔(اور آخرت کی اسے کوئی فکر نہ ہو)۔

جِیْلٌ: قوم۔نسل۔قبیلہ۔خاندان۔طبقہ۔جماعت۔ایک صدی۔جمع اَجْیَالٌ۔

جَیْلٌ: سخت دل۔نافرمان۔

جِیْلَاهَنْكَ: سیاہ تربد کے بیج۔تربد کے چھلکے۔

جَیْمٌ: جیم لکھنا۔

## (ح)

حَابُ: نشانے کے قریب پہنچنے والی شے۔

حَابَّةٌ: محبت رکھنا۔دوستی رکھنا۔

حَابُوْل: وہ رسی جس کے ذریعے کھجور کے درخت پر چڑھتے ہیں۔جمع حَوَابِیْل۔

حَاتِمٌ: ایک مشہور سخی آدمی کا نام۔قاضی۔فیصلہ کرنے والا۔

حَاتِنٌ: برابر۔یکساں۔ایک جیسا۔

حَاتِی: بہت پینے والا۔

حَاجٌّ: حج کے ارکان ادا کرنے والا۔حاجی۔جمع۔حُجَّاجٌ۔

حَاجِبٌ: دربان۔پردہ۔نقاب۔آڑ۔جمع حَوَاجِبٌ۔

حَاجَّةٌ: جو عورت حج کر کے آئی ہو۔جمع حَوَاجٌّ۔

حَاجِرٌ: ایسا نشیب جس میں پانی رک جائے۔جمع حُجْرَانُ۔

حَاجِزُ: رکاوٹ۔آڑ۔پارٹیشن۔لوگوں کے درمیان حق کا فیصلہ کرنے والا۔تلوار کی دھار۔

حَادِثٌ: نیا۔قدیم کی ضد۔نئی چیز۔واقعہ۔جمع حَوَادِثُ۔

حَادِثَةٌ: واقعہ۔سانحہ۔مصیبت۔واردات۔جمع حَوَادِثُ۔

حَادِرُ: بھرے ہوئے جسم کا۔موٹا۔سخت۔مضبوط۔

حَادُوْرُ: ڈھلوان جگہ۔جمع حَوَادِرُ۔

حَادِیٌ: گاکر اونٹ چلانے والا۔جمع حُدَاةٌ۔

حَاذِرُ: چوکنا۔محتاط۔ہوشیار۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



حَاذِقٌ: ماہر۔ ہوش یار۔ باکمال۔ جمع حُذَّاقٌ۔

حَاذُوْرَةٌ: بہت محتاط۔ بہت چوکنا۔ رَجُلٌ حَاذُوْرَةٌ۔ بہت محتاط آدمی۔

حَاذِیْ: جوتا پہننے والا۔

حَارِجٌ: گنہ گار۔

حَارِزٌ: مضبوط جگہ۔ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا فِیْ حِرْزٍ حَارِزٍ۔ اے اللہ ہمیں محفوظ اور مضبوط پناہ میں کر دے۔

حَارِصَةٌ: وہ زخم جس سے کھال چر جائے۔

حَارٌّ: گرم۔ وَلِّ حَارَّهَا مَنْ تَوَلّٰی قَارَّهَا۔ جو شخص حکومت کے مزے لوٹے، وہی اس کی سختی بھی اٹھائے۔

حَاشَا: ایک کانٹے دار درخت۔

حِبٌّ: محبوب۔ عاشق۔ دوست۔ جمع احباب۔

حُبًّا: محبت کرنا۔ دوستی کرنا۔ پسند کرنا۔ تعلق۔ میلان، هُوَ جَبَلٌ یُحِبُّنَا وَنُحِبُّهٗ۔ وہ (احد) ایک پہاڑ ہے جو ہم سے محبت رکھتا ہے اور ہم اس سے محبت رکھتے ہیں۔ اِلَّا اِنِّیْ، اُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ (میرے پاس کوئی نیکی نہیں) سوائے اس کے کہ میں اللہ اور اس کے رسول سے محبت رکھتا ہوں۔ یہ سن کر آپ نے فرمایا اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ (قیامت کے روز) آدمی اس کے ساتھ ہوگا جس سے محبت رکھے۔ حَتّٰی اَكُوْنَ اَحَبَّ اِلَیْهِ مِنْ وَّالِدِهٖ وَوَلَدِهٖ وَ النَّاسِ اَجْمَعِیْنَ (تم میں سے کوئی کامل مومن نہیں ہوسکتا) جب تک کہ وہ اپنے باپ، بیٹے اور سب لوگوں سے زیادہ مجھ سے محبت نہ رکھے۔

حِبَاءُ: عطیہ۔ ہدیہ تکریم۔ عورت کا مہر۔ جمع اَحْبِیَةٌ۔ اَلْعَقْلُ حِبَاءٌ مِّنَ اللّٰهِ وَالْاَدَبُ كُلْفَةٌ۔ عقل اللہ کا عطیہ ہے، البتہ ادب تکلیف اٹھانے سے ملتا ہے۔

حَبَا: زمین سے قریب گھنا بادل۔

حِبَابٌ: دوستی۔

حُبَابُ: دوستی۔ تعلق۔ سانپ۔

حَبَابٌ: شبنم۔ پانی کا بلبلہ۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



حُبَاتِرٌ: کوتاہ قد۔جمع حَبَاتِر۔

حُبَاحِبٌ: جگنو۔رات کو چمکنے والا کیڑا۔

حَبَّارٌ: روشنائی فروش۔

حُبَاسَةٌ: پانی جمع کرنے کی حوض نما جگہ۔جمع حَبَائِسُ۔

حُبَاشَةٌ: جمع کی ہوئی چیزیں۔مختلف نسلوں کے لوگ۔

حُبَاضٌ: کم زوری۔

حُبَاطٌ: ناموافق غذا کھانے یا زیادہ کھانے سے پیٹ میں درد ہونا۔

حُبَاقٌ: ریح خارج کرنا۔مارنا۔سامان کو مضبوطی سے باندھنا۔

حَبَّالٌ: رسی بنانے والا۔رسیاں بیچنے والا۔

حِبَالَةٌ: پھندا۔شکاری کا جال۔بوجھ۔جمع حَبَائِلٌ۔

حَبَبٌ: بلبلا۔لہر۔ہموار لگے ہوئے دانت۔خوب صورت دانت۔

حَبَّبَ: دانہ پڑنا۔حَبَّبَ الزَّرْعُ۔ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ حَبَّبَ اِلَيْكُمُ الْاِيْمَانَ۔لیکن اللہ نے ایمان کو تمہارا محبوب بنادیا۔

حَبٌّ: دانہ۔بیج۔پھنسی۔

حُبَّةٌ: انگور کا دانہ۔جمع حُبًّا۔

حَبَّةُ الحُلْوَةِ: تخم بادیان۔

حَبَّةُ السَّوْدَاءِ: کلونجی۔ عَلَيْكُمْ بِهٰذِهِ الْحَبَّةِ السَّوْدَاءِ۔تم اس کالے دانے (کلونجی) کو لازم کرلو (یہ موت کے سوا ہر بیماری کی دوا ہے۔)

حَبَّةُ العین: آنکھ کی پتلی۔

حَبَّةُ الغَمَام: اولہ۔

حَبَّةُ القرّ: اولہ۔

حَبِجٌ: خوب کھا کر موٹا ہونا۔بدہضمی سے پیٹ پھول جانا۔

حَبَّذَا: اچھا ہے۔بہت خوب۔کلمہ تعریف ہے۔

حَبَّرٌ: خوش کرنا۔آراستہ کرنا۔خوش نما بنانا۔عمدہ بنانا۔ لَوْ عَلِمْتُ اَنَّكَ تَسْمَعُ لِقِرَاءَ تِىْ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



لَحَبَّرْتُهَا لَكَ تَحْبِيْرًا۔ اگر مجھے معلوم ہوتا کہ تم میری قرأت سن رہے ہو تو میں اس کو خوب عمدگی سے پڑھتا۔

حَبْرٌ: خوش ہونا۔ زرخیز ہونا۔

حِبْرٌ: پوپ۔ عالم۔ یہودیوں کا عالم۔ روشنائی۔ سیاہی۔

حَبْرٌ: اچھا کرنا۔ رنگین کرنا۔ خوش کرنا۔

حَبْرَةٌ: خوش کرنا۔ اچھا کرنا۔

حِبَرَةٌ: یمنی دھاری دار چادر۔ ایک ریشمی چادر۔

حَبَرَةٌ: یمنی دھاری دار چادر۔ ایک ریشمی چادر۔

حَبْسٌ: روکنا۔ قید کرنا۔ وقف کرنا۔ حَبَسَ نَفْسَهٗ عَلٰى كَذَا۔ خود کو کسی کام کے لیے وقف کرنا۔

حُبْسَةٌ: زبان کا ثقل۔ گفت گو میں رکاوٹ۔

حَبْشٌ: جمع کرنا۔ بھراؤ کرنا۔ کپڑے میں روئی بھرنا۔ یکجا کرنا۔

حَبَشٌ: حبشی قوم۔ حبشہ کے رہنے والے۔ سودان کی ایک نسل۔ واحد حُبْشِيٌّ۔ تَوَفّٰى رَجُلٌ صَالِحٌ مِنَ الْحَبَشِ۔ حبش کا رہنے والا ایک نیک آدمی وفات پا گیا۔

حَبْشَةٌ: جمع کرنا۔ بھراؤ کرنا۔ کپڑے میں روئی بھرنا۔ یک جا کرنا۔

حَبْضٌ: تانت کا زور کی حرکت سے آواز دینا۔ کم ہونا۔ تیر کا نشانے پر جانا۔ باطل ہو جانا۔ پامال ہونا۔ بخیل ہونا۔ کنوئیں کا پانی کم ہونا۔ تلف کرنا۔ زندگی کی رمق۔ مَا بِهٖ حَبْضٌ وَلَا نَبْضٌ۔ اس میں کوئی حس و حرکت نہیں۔

حَبْطٌ: باطل ہونا۔ رائیگاں جانا۔ ضائع ہونا۔ مَنْ تَرَكَ صَلٰوةَ الْعَصْرِ حَبطَ عَمَلُهٗ۔ جس نے عصر کی نماز چھوڑ دی اس کا عمل ضائع ہو گیا۔ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِالْاِيْمَانِ فَقَدْ حَبِطَ عَمَلُهٗ۔ اور جس نے ایمان سے انکار کیا اس کا عمل ضائع ہو گیا۔

حَبَطٌ: زیادہ کھانے سے جانور کا پیٹ پھول جانا۔ زیادہ کھانے سے جانور کے پیٹ میں درد ہونا۔ اِنَّ مِمَّا يُنْبِتُ الرَّبِيْعُ مَايَقْتُلُ حَبطاً اَوْيُلِمُّ۔ ربیع جو چارہ اگاتی ہے اس میں سے بعض چارہ پیٹ پھلا کر جانور کو مار ڈالتا ہے یا مار ڈالنے کے قریب کر دیتا ہے۔

حُبُقٌ: کم عقل۔ تنگ نظر مؤنث حُبُقَةٌ۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



حَبِقُ: بے کار آدمی۔ بے فیض آدمی۔ مؤنث حَبِقَةٌ۔

حَبَقٌ: تیز خوش بودار نبات۔ ریحان۔ پودینہ۔

حَبْقٌ: ریح خارج کرنا۔ مارنا۔ سامان کو مضبوطی سے باندھنا۔

حِبْلٌ: عالم۔ عقل مند۔ مکار۔

حَبَلٌ: غصے ہونا۔ حاملہ ہونا۔

حَبْلٌ: رسی۔ رسی سے باندھنا۔ جال لگا کر شکار کرنا۔ پھندا لگا کر پکڑنا۔ جال بچھانا۔ وَھُوَ حَبْلُ اللّٰهِ الْمَتِيْنُ۔ وہ اللہ کی مضبوط رسی ہے۔ عَلَيْكُمْ بِحَبْلِ اللّٰهِ۔ تم اللہ کی رسی تھامے رہو۔ وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعاً وَّلَا تَفَرَّقُوْا۔ سب مل کر اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھام لو اور آپس میں تفریق پیدا نہ کرو۔

حُبْلٰى: حاملہ۔

حَبَلَةٌ: انگور کی جڑ۔ انگور کی شاخ۔

حُبْلَةٌ: سمر کا پھل۔ ببول کا پھل۔ لوبیے وغیرہ جیسی سبزی۔

حِبْنٌ: پھوڑا۔ جمع حُبُوْنٌ۔

حَبَنٌ: پھوڑوں کی بیماری۔ پیٹ کی ایک بیماری۔ پیٹ کی سوجن۔ استسقا۔

حَبْنٌ: پھوڑوں کی بیماری۔ پیٹ کی ایک بیماری۔ پیٹ کی سوجن۔ استسقا۔

حَبْنَاءُ: انڈے نہ دینے والی کبوتری جمع حُبْنٌ۔

حِبْنَةٌ: پھوڑا۔ بندر۔

حَبَنْطٰى: غصے میں بھرا ہوا۔ پستہ قد۔ بڑے پیٹ والا۔

حَبْوٌ: سرین کے بل چلنا۔ ہاتھ پاؤں کے بل چلنا۔

حُبُوْرٌ: خوش کرنا۔ اچھا کرنا۔ اُدْخُلُوا الْجَنَّةَ اَنْتُمْ وَاَزْوَاجُكُمْ تُحْبَرُوْنَ۔ تم اور تمہاری بیویاں جنت میں داخل ہو جاؤ، جہاں تمہاری خاطر مدارت ہوگی۔

حُبُوْطٌ: باطل ہونا۔ ضائع ہونا۔ رائیگاں جانا۔

حَبُوْلٌ: آفت۔

حَبِيٌّ: گہراتہ بہ تہ ابر جو پہاڑ کی طرح چوڑا ہو۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



حَبِیْبٌ: دوست۔ پیارا۔ جمع اَحِبَّاءُ۔ کَلِمَتَانِ حَبِیْبَتَانِ اِلَی الرَّحْمٰنِ۔ دو کلمے اللہ کو پسند ہیں۔(سُبْحَانَ اللّٰہِ وَ بِحَمْدِہٖ اور سُبْحَانَ اللّٰہِ العظیم)

حَبِیْرٌ: نقش ونگار والا ملائم کپڑا۔ کڑھی ہوئی خوش نما چادر۔ رنگ برنگ بادل۔

حَبِیْسٌ: قیدی۔ جہاد کے لیے وقف کیا ہوا گھوڑا۔ گوشہ نشین۔ راہب۔ جمع حُبُسٌ۔

حَبِیْلٌ: شیر۔ بہادر۔

حَتٌّ: درخت کے پتے گرنا۔ چھال گرنا۔ چھیلنا۔ کھرچنا۔ درخت کا سوکھ جانا۔ بال جھڑنا۔ تیز رفتار۔

حَتّٰی: تک۔ تا کہ۔ یہاں تک کہ۔ نیز۔ بھی حرف جر ہے، حَتّٰی اِذَا بَلَغَ مَغْرِبَ الشَّمْسِ۔ یہاں تک کہ وہ سورج غروب ہونے کی جگہ پہنچا۔ حَتّٰی جَلَسَ اِلَی النَّبِی صلی اللہ علیہ وسلم۔ یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آ کر بیٹھے۔ وَلَا یَزَالُوْنَ یُقَاتِلُوْنَکُمْ حَتّٰی یَرُدُّوْکُمْ عَنْ دِیْنِکُمْ اِنِ اسْتَطَاعُوْا۔ اور یہ کفار تمہارے ساتھ ہمیشہ لڑتے رہیں گے یہاں تک کہ اگر ان کے بس میں ہو تو تمہیں تمہارے دین سے برگشتہ کردیں۔

حُتَاتٌ: برادہ۔ چورہ۔ ریزہ۔ بچی کچی چیز۔

حُتَامَۃٌ: روٹی کے ریزے جو دستر خوان پر گریں۔ دستر خوان کا بچا ہوا کھانا۔

حَتَّۃٌ: چھال۔ چھلکا۔ ریزہ۔ ٹکڑا۔

حَتْحَتٌ: پتے جھاڑنا۔ چورا کرنا۔

حَتْدٌ: خالص ہونا۔ عمدہ ہونا۔

حَتْفٌ: موت۔ ہلاکت۔ مَنْ مَاتَ حَتْفَ اَنْفِہٖ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ فَھُوَ شَہِیْدٌ۔ اگر کوئی اللہ کی راہ میں لڑے بغیر اپنی موت کے مرجائے تو اس کو بھی شہید کا درجہ ملے گا۔( کیوں کہ وہ اللہ کی راہ میں نکل چکا تھا۔)

حُتْفُلٌ: شوربے کی تلچھٹ۔ دیگچی میں بچے ہوئے گوشت کے ریزے۔

حَتْکٌ: چھوٹے چھوٹے قدم اٹھا کر۔ تیز چلنا۔ متوجہ ہونا۔ چھان بین کرنا۔

حَتْماً: فیصلہ کرنا۔ حکم لگانا۔ مضبوط کرنا۔ کَانَ عَلٰی رَبِّکَ حَتْمًا مَقْضِیًّا۔ یہ آپ کے رب کا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



فیصلہ ہے جو ہو کر رہے گا۔

حَتُنٌ: سخت ہونا۔ برابر۔ ہم پلہ۔ جمع اَحْتَانٌ۔

حُتُنٌ: برابر والا۔ ہم سر۔ جوڑ۔

حَتْنیٰ: برابر۔ ایک جیسے۔

حَتْواً: تیز دوڑنا۔ بخیہ کرنا۔ پختہ سلائی کرنا۔

حَتُوتٌ: کھجور کا وہ درخت جس کی نیم پختہ (گدر) کھجوریں گر گئی ہوں۔

حَتُوْدٌ: خشک نہ ہونے والا چشمہ۔ جمع حُتُدٌ۔

حُتُوْدٌ: قیام کرنا۔ ٹھہرنا۔

حَتِیٌّ: ایک قسم کا ستو جو کھجور جیسے درخت کے پھلوں کا بنتا ہے۔ کھجور کے چھلکے، کھجور کے بچے ہوئے ریزے۔

حَتْیٌ: سینا۔ مضبوط کرنا۔ بٹنا۔

حَتْیٌ: ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا۔ گھور کر دیکھنا۔ غور سے دیکھنا۔ پختہ کرنا۔ دیوار کو سیدھا چننا۔ مضبوط گرہ لگانا۔

حُثٌّ: ہر گئی ہوئی چیز۔ بھُس۔ روکھی روٹی۔ موٹا پسا ہوا ستو۔

حَثٌّ: ترغیب دینا۔ ابھارنا۔ برانگیختہ کرنا۔ امادہ کرنا۔ اکسانا۔

حِثَاثٌ: جلدی۔ جلد آنے والی ہلکی نیند۔ جھپکی۔

حِثَاثَۃُ: آنکھ کی گرمی۔ آنکھ کی کھٹک۔

حُثَارَۃٌ: تلچھٹ۔ کوڑا کرکٹ۔

حُثَالَۃٌ: ہر چیز کا خراب بچا ہوا حصہ۔ بھوسا۔ تلچھٹ۔ ادنی درجے کے لوگ۔ لَا تَقُوْمُ السَّاعَۃُ اِلَّا عَلٰی حُثَالَۃٍ مِّنَ النَّاسِ۔ قیامت ان لوگوں پر قائم ہوگی جو آخر میں کوڑے کرکٹ کی طرح رہ جائیں گے (برے لوگ)

حَثْحَاثٌ: مسلسل حرکت کرنا۔ حَیَّۃٌ حَثْحَاثٌ۔ مسلسل حرکت کرنے والا سانپ۔

حَثْحَثَۃٌ: برانگیختہ کرنا۔ امادہ کرنا۔ اکسانا۔ ترغیب دینا۔ ابھارنا۔

حُثْحُوْثٌ: جلد باز۔ بخیل۔ تیزی۔ اکساہٹ۔ اشتعال۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



حَثَر ا: موٹا ہونا۔ دانے دار ہونا۔ جلد کا پھنسیوں والا ہونا۔ گاڑھا ہونا۔

حُثْرُبٌ: گدلا پانی۔ کھرچن۔

حَثَرَةٌ: انگور کا دانہ۔ آنکھ کا بال۔ آنکھ کی سوزش۔

حَثْرَفَةٌ: آنکھ کی سرخی۔ آنکھ کی کھٹک۔

حُثْفُرٌ: تیل کی گاد۔ تلچھٹ۔ جمع حَثَافِرُ۔

حِثْلٌ: دبلا۔ کمزور۔

حَثَلٌ: موٹے پیٹ والا ہونا۔ بدحال ہونا۔

حَثَلُ: بدحالی۔ دودھ پلانے کی خرابی۔

حِثْلَةٌ: حوض کا تھوڑا پانی۔

حَثْمَةٌ: ٹیلہ۔ اونچا راستہ۔ ناک کا بانسہ۔ جمع حِثَامٌ۔

حُثْمَةٌ: بند (ڈیم) میں پانی گرنے کی جگہ۔

حَثْوٌ: کسی پر خاک ڈالنا۔ کسی پر خاک گرنا۔ مارنا۔ پھینکنا۔ کسی کو تھوڑی چیز دینا۔

حَثْوَاءٌ: بہت مٹی والی۔ اَرْضٌ حَثْوَاءٌ۔ بہت مٹی والی زمین۔

حَثْوَةٌ: مٹی سے بھری ہوئی مٹھی۔

حَثُوثٌ: جلدباز۔ تیز رفتار۔ تیز گام۔

حَثْیٌ: کسی پر خاک ڈالنا۔ کسی پر خاک گرنا۔ مارنا۔ پھینکنا۔ کسی کو تھوڑی چیز دینا۔ کَانَ یَحْثِیْ عَلٰی رَاْسِهٖ ثَلٰثَ حَثَیَاتٍ۔ آپ غسل میں اپنے سر پر تین چلو پانی ڈالتے تھے۔

حَثِیْثٌ: جلد۔ تیز۔ یُغْشِیُ اللَّیْلَ النَّهارَ یَطْلُبُهٗ حَثِیْثاً۔ وہ رات کو دن سے چھپاتا ہے جو اس کے پیچھے دوڑتی چلی آتی ہے۔

حَثِیْلٌ: خراب غذا سے پلا ہوا بچہ۔ کمزور بچہ۔ دبلا۔

حِجٌّ: کسی کے پاس آنا۔ کسی جگہ کا قصد کرنا۔ جانا۔ عبادت کے لیے مسجد حرام میں جانا۔ وَلِلّٰهِ عَلَی النَّاسِ حِجُّ الْبَیْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَیْهِ سَبِیْلاً۔ اور لوگوں پر اللہ کے لیے اس گھر کا حج فرض ہے جو وہاں پہنچنے کی استطاعت رکھتا ہو۔ اَیُّها النَّاسُ قَدْ فُرِضَ عَلَیْکُمُ الْحَجُّ فَحُجُّوْا۔ اے لوگو! تم پر حج فرض کیا گیا ہے تو تم حج کرو۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



حَجَا: پناہ گاہ۔ پردہ۔ ٹیلہ۔ کنارہ۔

حِجَابٌ: پردہ۔ رکاوٹ۔ آڑ۔ پارٹیشن کی دیوار۔ جمع حُجُبٌ۔ حَتّٰی تَوَارَتْ بِالْحِجَابِ۔
یہاں تک کہ (آفتاب) غروب ہو گیا۔

حِجَابَةٌ: دربانی۔ چوکیداری۔

حِجَاجٌ: کنارہ۔ گوشہ۔ ابرو کی ہڈی۔

حِجَارٌ: رکاوٹ۔ کمرے کی دیوار۔

حَجَّارُ: پتھر کا تاجر۔ سنگ تراش۔

حَجَارِزُ: مدینے میں ایک مقام کا نام۔

حِجَازُ: روک۔ آڑ۔ فاصل۔ پٹی۔ کمر بند۔

حِجَازَةٌ: روکنا۔ منع کرنا۔ حائل ہونا۔ محفوظ کرنا۔

حُجَافٌ: بدہضمی۔ خراب غذا کی وجہ سے اسہال آنا۔ سخت مروڑ۔

حِجَامٌ: جانور کے منہ پر لگائی جانے والی جالی یا چھینکا۔ وہ چیز جو مست اونٹ کے منہ پر باندھ دی
جاتی ہے تا کہ وہ کسی کو کاٹے نہیں۔

حَجَّامُ: پچھنے لگانے والا۔ حجامت بنانے والا۔

حِجَامَةٌ: پچھنے لگانے کا پیشہ۔

حَجْبٌ: رکاوٹ۔

حَجْبٌ: ڈھانپنا۔ روکنا۔ آڑ کرنا۔ محروم کرنا۔ چھپانا۔ غائب ہو جانا۔

حِجَّةٌ: ایک بار حج کرنا۔ کان کی لو۔ بالی۔ جمع حِجَجٌ۔ عَلٰی اَنْ تَاْجُرَنِیْ ثَمَانِیَ حِجَجٍ۔ اس
شرط پر کہ تم آٹھ سال میری ملازمت کرو۔

حَجَّةٌ: ایک بار حج کرنا۔ کان کی لو۔ بالی۔ وَاَذَانٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ اِلَی النَّاسِ یَوْمَ الْحَجِّ
الْاَكْبَرِ۔ اور اللہ کے رسول کی طرف سے حج اکبر کے دن لوگوں کو آگاہ کیا جاتا ہے۔

حُجَّةٌ: دلیل۔ برہان۔ ثبوت۔ جمع حُجَجٌ و حِجَاجٌ۔

حِجْرٌ: روکنا۔ منع کرنا۔ پابندی لگانا۔ گوشہ۔ گود۔ حفاظت۔ وَرَبَائِبُكُمُ اللَّاتِیْ فِیْ
حُجُوْرِكُمْ مِنْ نِّسَائِكُمُ اللَّاتِیْ دَخَلْتُمْ بِهِنَّ۔ اور جن بیویوں سے تم نے صحبت کی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ان کی وہ بیٹیاں جو تمہاری پرورش میں رہتی ہوں۔

حِجْرٌ: عقل۔ وہ دیوار جو کعبہ کے مغربی جانب گول بنی ہوئی ہے۔ حطیم۔ قوم ثمود کا ملک جو شام اور مدینے کے درمیان واقع تھا۔

حَجِرٌ: بہت پتھروں والا۔ پتھریلی جگہ۔

حَجَرٌ: پتھر۔ جمع اَحجارٌ۔ نَزَلَ الحَجَرُ الْاَسْوَدُ مِنَ الجَنَّةِ وَهُوَ اَشَدُّ بَيَاضاً سَوَّدَتْهُ خَطَايَا بَنِيْ اٰدَمَ۔ حجر اسود جنت سے اترا تو وہ سفید تھا۔ لوگوں کے گناہوں نے اس کو کالا کر دیا۔

حَجْرٌ: محرومی۔ رکاوٹ۔ آنکھ کا حلقہ۔

حَجْراً: روکنا۔ منع کرنا۔ پابندی لگانا۔

حُجْرَةٌ: کمرہ۔ گھر کا زیریں کمرہ۔ جانوروں کا باڑہ۔ جمع حُجَرٌ۔

حُجِزَ: ازار باندھنے کی جگہ تکلیف ہونا۔

حَجَرُ الْاَسْوَدُ: سیاہ پتھر جسے حاجی لوگ طواف کے دوران بوسہ دیتے ہیں۔

حَجَرِیٌّ: پتھریلا۔ سنگلاخ۔

حَجْزاً: آنتوں کا سکڑنا۔

حَجْزٌ: روکنا۔ منع کرنا۔ حائل ہونا۔ محفوظ کرنا۔

حَجْزٌ: قبضہ۔ رکاوٹ۔

حُجْزٌ: گوشتہ۔ قبیلہ جس کی پناہ لی جائے۔

حُجْزَةٌ: ازار باندھنے کی جگہ۔ کمر بند باندھنے کی جگہ۔ نیفہ۔ مِنْهُمْ مَّنْ تَأْخُذُهُ النَّارُ اِلٰى حُجْزَتِهٖ۔ بعضوں کو دوزخ کی آگ کمر تک پہنچے گی۔ فَاَخْرَجَتْ مِنْ حُجْزَتِهَا۔ اس عورت نے اپنے نیفے میں سے خط نکالا۔

حَجَفٌ: چمڑے کی ڈھالیں جن میں لکڑی اور تانت نہ ہو۔ واحد حَجَفَةٌ۔

حُجِفَ: اسہال میں مبتلا ہونا۔

حِجْلٌ: پازیب۔ عورت کے پاؤں کا زیور۔ بیڑی۔ گھوڑے کی ٹانگ کی سفیدی۔ جمع اَحْجَالٌ۔

حَجَّلٌ: آنکھ اندر ہونا۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



حَجْلٌ: ایک پیر اٹھا کر دوسرے پر چلنا۔ ایک پاؤں پر کودتے ہوئے چلنا۔ فَجَاءَ اَبُو جَنْدَلُ یَحْجِلُ۔ اتنے میں ابو جندل بیڑی میں کودتے ہوئے آئے۔

حَجْمٌ: روکنا۔ باز رکھنا۔ اونچا ہونا۔ بڑھ جانا۔ چوسنا۔ سانپ کا ڈسنا۔ اِنَّهٗ خَرَجَ یَوْمَ اُحُدٍ كَاَنَّهٗ بَعِيْرٌ مَحْجُوْمٌ۔ حضرت عمر احد کے دن اچھے اونچے اونٹ کی طرح نکلے۔

حَجْمٌ: سائز۔ ضخامت۔ مقدار۔ جمع حُجُوْمٌ۔

حَجْنٌ: موڑنا۔ کھینچ لینا۔ روکنا۔ پھیرنا۔ ٹیڑھا کرنا۔ قیام کرنا۔ بخل کرنا۔ بالوں کا گھنگریالے ہونا۔

حَجْنٌ: اقامت کرنا بخل کرنا۔ يَسْلِمُ الرُّكْنَ بِمِحْجَنِهٖ۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم حجر اسود کو اپنی ٹیڑھے منہ کی لکڑی سے چھوتے تھے۔ وَجَعَلَتِ الْمَحَاجِنُ تَمْسِكُ رِجَالاً۔ (قیامت کے دن) ٹیڑھے منہ کی لکڑیاں کچھ لوگوں کو اٹکا لیں گی۔

حُجْنَةٌ: ٹیڑھا پن۔ چرخے کا تکلا۔

حَجْوًا: ٹھہرنا۔ رکنا۔ قیام کرنا۔ بخل کرنا۔

حَجُوْنٌ: مکے کا ایک اونچا پہاڑ۔ سست۔ کاہل۔

حِجًى: ہوش یاری۔ عقل۔ دانائی۔ مَنْ بَاتَ عَلٰى ظَهْرِ بَيْتٍ لَّيْسَ عَلَيْهِ حِجًى فَقَدْ بَرِئَتْ مِنْهُ الذِّمَّةُ۔ جو شخص ایسی چھت پر سو جائے جس پر روک نہ ہو (منڈیر وغیرہ) اس کا ذمہ نہ رہا۔

حَجًى: اطراف۔ جوانب۔ کنارہ۔ کونا۔ جمع اَحْجَاءٌ۔

حَجِيْفٌ: پیٹ کے اندر سے نکلنے والی آواز۔

حَدًّا: کسی کے رزق میں کمی ہونا۔ سوگ منانا۔ تلوار کو تیز کرنا۔ گھور کر دیکھنا۔ دشمنی کرنا۔ پڑوس میں ہونا۔ سرحد مقرر کرنا۔ نافرمانی کرنا۔ اَلَمْ يَعْلَمُوْا اَنَّهٗ مَنْ يُّحَادِدِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَاَنَّ لَهٗ نَارَ جَهَنَّمَ خَالِدًا فِيْهَا۔ کیا وہ نہیں جانتے کہ جو اللہ اور اس کے رسول کی مخالفت کرتا ہے تو اس کے لیے دوزخ کی آگ ہے جس میں وہ ہمیشہ رہے گا۔

حَدْءٌ: مدد کرنا۔ ظلم سے روکنا۔ التجا کرنا۔ غصے ہونا۔

حَدْءٌ: پھیرنا۔ ہٹانا۔ قیام کرنا۔ پناہ لینا۔ حَدَئَتِ الْمَرْاَةُ عَلٰى وَلَدِهَا۔ ماں اپنے بچے پر مہربان ہوئی۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



حِدَاءٌ: اونٹوں کے ہانکنے کا گیت۔ اَلْحِدَاةُ تَقُوْلُ كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ اِلَّا اللّٰهُ (کعب احبارؓ نے کہا) چیل کہتی ہے کہ اللہ کے سوا سب ہلاک ہونے والا ہے۔

حُدَاءٌ: اونٹوں کے ہانکنے کا گیت۔

حَدَائِدُ: لوہے کا سامان۔

حَدَءَ ةُ: دونوک والی کدال۔ تیر کا پھل۔

حَدَاثَةُ: نوعمری۔ نوجوانی۔ نیاپن۔ تازگی۔ ابتدا۔ اَخَذَ الْاَمْرَ بِحَدَاثَتِهٖ۔ کسی معاملے کو ابتدا سے لینا۔

حِدَاجَةٌ: عورتوں کی ایک سواری۔ جمع حَدَائِجُ۔

حِدَادُ: ماتمی لباس۔ سوگ۔ ماتم۔

حَدَّادُ: لوہار۔ لوہا فروخت کرنے والا۔ دربان۔ لوہے کا کام کرنے والا۔

حِدَادَةُ: لوہے کا پیشہ۔

حُدَالٌ: چکنا۔ ہموار۔

حِدَامٌ: غیظ وغضب۔

حَدَبٌ: کبڑا ہونا۔ جھکا ہوا ہونا۔ بلند زمین۔ مہربان ہونا۔ کسی کی طرف مائل ہونا۔ ٹیلہ۔ وَهُمْ مِنْ كُلِّ حَدَبٍ يَّنْسِلُوْنَ۔ وہ (یاجوج ماجوج) ہر بلندی سے نکلے چلے آئیں گے۔ حَدِبَ عَلَيْهِ عَمُّهٗ۔ ان کے چچا ان پر مہربان ہوئے۔

حَدْبَاءُ: کبڑی۔ جھکی ہوئی۔ كَانَتْ لَهَا اِبْنَةٌ حُدَيْبَاءُ (تصغیر) اس کی ایک بیٹی کبڑی تھی۔

حِدْبَارٌ: دبلی اونٹنی۔ قحط کا سال جمع حَدَابِيْرُ۔

حَدَبَةٌ: ٹیلہ۔ اونچی زمین۔ کبڑاپن۔ پیٹھ کا ابھار۔

حِدَةٌ: اکیلا ہونا۔ فَجَعَلْتُهٗ فِيْ قَبْرٍ عَلٰى حِدَةٍ۔ میں نے ان کو ایک جداگانہ قبر میں رکھا۔

حِدَّةُ: شدت۔ تیزی۔ درشتگی۔ اَخَذَتْهُ حِدَّةُ الْغَضَبِ۔ اسے سخت غصہ آ گیا۔ هُوَ مَعْرُوْفٌ بِحِدَّةِ التَّفْكِيْرِ۔ وہ گہری سوچ میں مشہور ہے۔

حَدَثٌ: نیا ہونا۔ پیش آنا۔ واقع ہونا۔ پیدا ہونا۔ ایجاد کرنا۔ احترام کرنا۔ نجاست حکمی۔ یعنی جس سے وضو، غسل اور تیمم ختم ہو جائے۔ لَعَلَّ اللّٰهَ يُحْدِثُ بَعْدَ ذٰلِكَ اَمْرًا۔ شاید اس

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



(طلاق) کے بعد اللہ کوئی نئی بات پیدا کر دے۔ لَا وُضُوْءَ اِلَّا مِنْ حَدَثٍ۔ وضو اسی وقت واجب ہوگا جب حدث ہو جائے۔

حِدْثٌ: بسیار گو۔ قصہ گو۔

حَدَثَانِ: شب و روز۔ لیل و نہار۔

حِدْثَانُ: ابتدا۔ آغاز۔ لَوْلَا حِدْثَانُ قَوْمِكَ بِالْكُفْرِ لَهَدَمْتُ الْكَعْبَةَ وَبَنَيْتُهَا۔ اگر تیری قوم کے کفر کا زمانہ ابھی تازہ نہ گزرا ہوتا تو میں کعبے کو گرا کر از سر نو بناتا۔

حِدْجٌ: بوجھ۔ عورتوں کی سواری جیسے کجاوہ۔ ڈولی۔ جمع حُدُوْجٌ۔

حَدْجٌ: پھینکنا۔ تیر مارنا۔ گھور کر دیکھنا۔ ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا۔ حَدِّثِ النَّاسَ مَاحَدَجُوْكَ بِاَبْصَارِهِمْ۔ لوگوں سے اس وقت تک بات کر (وعظ و نصیحت) جب تک وہ تیری طرف نظر جمائے رہیں۔

حَدَجٌ: پھینکنا۔ مارنا۔ باندھنا۔ گھورنا۔

حَدَدٌ: ممنوع۔ باطل۔ لغو۔

حَذْرٌ: موٹا ہونا۔ غلیظ ہونا۔ سوج جانا۔ اوپر سے نیچے دھکیلنا۔ اِذَا اَذَّنْتَ فَتَرَسَّلْ وَاِذَا اَقَمْتَ فَاحْذُرْ۔ جب تو اذان دے تو ٹھہر ٹھہر کر دے اور جب تکبیر کہے تو جلدی جلدی کہہ۔

حَدْرَاءُ: اونچی ڈھلوان جگہ۔ نشیبی جگہ۔

حَدْرَجٌ: لڑھکانا۔ چکنا کرنا۔ چھوٹا۔ مَابِالدَّارِ مِنْ حَدْرَجٍ۔ گھر میں کوئی نہیں۔

حُدُرُجٌ: چکنا۔

حُدُرُوْجٌ: چکنا۔

حَدْسٌ: گمان کرنا۔ اٹکل سے چلنا۔ اندازہ کرنا۔ تخمینہ لگانا۔ پچھاڑنا۔

حَدْقٌ: گھیر لینا۔ احاطہ کرنا۔ چاروں طرف سے گھیرنا۔ اَحْدَقَ بِهِ النَّاسُ۔ لوگوں نے آپ کو گھیر لیا۔

حَدَقَةٌ: آنکھ کی سیاہی۔

حِدْلٌ: گردن کا درد۔

حَدْلٌ: کسی پر ظلم کرنے کے لیے مائل ہونا۔ رولر پھیرنا۔ غیر متوازن کندھوں والا ہونا۔ جھوم کر

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



چلنا۔ رَجُلٌ عَلِمَ فَحَدَلَ۔ وہ شخص جس نے جان بوجھ کر ظلم کیا۔

حَدْمٌ: آگ کا خوب بھڑکنا۔ آگ میں تپانا۔ تیز گرم کرنا۔

حَدَمَةُ: آگ بھڑکنے کی آواز۔

حَدْوٌ: اونٹوں کے ہانکنے کا گیت۔

حُدُوْرٌ: ڈھلوان جگہ۔ نشیب۔

حُدَیْبِیَۃُ: مکے کے قریب ایک بستی۔

حِدِّیْثٌ: بہت کلام کرنے والا۔

حَدِیْثٌ: نیا۔ بات۔ کلام۔ گفت گو۔ خبر۔ روایت۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا کلام۔ حَدِیْثٌ عَھْدُ ھُمْ بِکُفْرٍ۔ ان کے کفر کا زمانہ ابھی تازہ ہے۔

حَدِیْدٌ: تیز۔ لوہار۔ لوہے کی سلاخ۔ جمع حَدَائِدُ۔

حَدِیْدَۃُ: لوہے کا ٹکڑا۔

حَدِیْدِیٌّ: لوہے کا۔ آہنی۔

حَدِیْسٌ: کچھڑا ہوا۔

حَدِیْقَۃٌ: باغ۔ باغیچہ۔ پھل دار درختوں والی زمین۔ کھجوروں کا وہ باغ جس کی چار دیواری ہو۔ جمع حَدَائِقُ۔

حُدَیْلَۃٌ: انصار کا ایک قبیلہ۔

حَذٌّ: کاٹنا۔ ہلکا ہونا۔

حَذَّاءٌ: موچی۔ جوتوں کا تاجر۔ جمع حَذَّائُوْنَ۔

حَذَّاءٌ: قطع تعلق۔ پختہ ارادہ۔ وَلَّتِ الدُّنُیَا حَذَّاءَ مُدْبِرَۃً۔ دنیا جلد ختم ہوگئی اور دنیا والوں کو اس سے کچھ نہ ملا۔

حِذَاءٌ: مقابل۔ برابر۔ کسی کے برابر گر پڑنا۔ جوتی۔ چپل۔ جمع اَحْذِیَۃُ۔

حِذَاءٌ: جوتا پہننا۔ چپل۔ مقابل۔ سامنے۔ جمع اَحْذِیَۃٌ۔ دَارِیْ بِحَذَاءِ دَارِكَ، میرا مکان تیرے مکان کے سامنے ہے۔ لَایُصَلّٰی عَلَی الْجَنَازَۃِ بِحِذَاءٍ۔ جنازے کی نماز جوتا پہن کر نہ پڑھی جائے۔ یَقُوْمُ عَنْ یَمِیْنِ الْاِمَامِ بِحِذَاءِ ہٖ (اگر ایک مقتدی ہو تو) امام

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کے داہنی طرف کھڑا ہو۔

حُذَافَةٌ: تراشہ، حذف کیا ہوا۔ بچی ہوئی چیز۔

حَذَاقٌ: ترش ہونا۔ پہچاننا۔ کاٹنا۔ ماہر ہونا۔ سیکھنا۔ فَمَا مَرَّبِیْ نِصْفُ شَهْرٍ حَتّٰی حَذَقْتُهُ۔ آدھا مہینہ بھی نہ گزرا تھا کہ میں اس میں ماہر ہو گیا۔

حِذَاقٌ: ترش ہونا۔ پہچاننا۔ کاٹنا۔ ماہر ہونا۔ سیکھنا۔

حِذَاقَةٌ: ترش ہونا۔ پہچاننا۔ کاٹنا۔ ماہر ہونا۔ سیکھنا۔

حَذَاقَةٌ: ترش ہونا۔ پہچاننا۔ کاٹنا۔ ماہر ہونا۔ سیکھنا۔

حُذَاقَةٌ: کھانے کی تھوڑی مقدار۔

حُذَاقِيٌّ: تیز دھار چھری۔ ترش ترین۔ رَجُلٌ حُذَاقِيٌّ۔ مدلل بات کرنے والا۔

حُذَالٌ: سرخ رنگ کا گوند، چاول وغیرہ کی بھوسی۔

حُذَامٌ: سست۔ کاہل۔

حُذَاوَةٌ: چمڑے کی کترن۔

حُذَايَةُ: مال غنیمت کا حصہ۔

حُذَّةٌ: ٹکڑا۔ اَعْطَاهُ حُذَّةً مِنَ اللَّحْمِ۔ اس کو گوشت کا ٹکڑا دیا۔

حَذَرٌ: پرہیز کرنا۔ چوکس ہونا۔ ڈرنا۔ بچنا۔ محتاط ہونا۔ نَزَلَ بِكَ حَذَرُكَ۔ جس چیز سے تو ڈرتا تھا وہی تجھ پر اتر آئی۔

حَذُرٌ: بہت محتاط۔ ہوشیار۔

حِذْرٌ: پرہیز کرنا۔ بچنا۔ محتاط ہونا۔ وَخُذُوا حِذْرَكُمْ۔ اور اپنے بچاؤ کا سامان ساتھ رکھو۔

حَذَفٌ: چھوٹی بطخیں۔ چھوٹی کالی بکریاں یا بھیڑیں، جن کے کان اور دُم نہ ہوں۔ وہ یمن میں ہوتی ہیں۔ وَاحْذِفْ فِي الْاُخْرَيَيْنِ۔ آخری دو رکعتیں پہلی دو رکعتوں سے چھوٹی کر۔

حَذْفٌ: تراشنا۔ کنارے کی طرف سے کاٹنا۔ گرانا۔ حذف کرنا۔ دور کرنا۔ مختصر کرنا۔ حَذْفُ السَّلَامِ سُنَّةٌ۔ سلام کو مختصر کرنا سنت ہے۔

حَذْفَاءُ: کٹے ہوئے۔ تراشے ہوئے۔

حِذْفَارٌ: جانب۔ گوشہ۔ بلندی۔ کنارہ۔ جمع حَذَافِيرُ۔ اَلْخَيْرُ بِحَذَافِيْرِهٖ فِي الْجَنَّةِ۔ ساری

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



بھلائی جنت میں موجود ہے۔

حِذْفَةٌ: کپڑے وغیرہ کا تراشہ۔ٹکڑا۔

حَذْفَرَةٌ: بھرنا۔

حُذْفُوْرٌ: جانب۔گوشہ۔بلندی۔کنارہ۔جمع حَذَافِیْر۔اَخَذَ الشَّیْءَ بِحَذَافِیْرِہٖ۔اس نے کل کا کل لے لیا۔

حَذْقٌ: ترش ہونا۔پہچاننا۔کاٹنا۔ماہر ہونا۔سیکھنا۔اِنَّہٗ خَرَجَ عَلٰی صَعْدَةٍ یَتْبَعُھَا حُذَاقِیٌّ۔ آپ ایک گدھی پر سوار ہو کر نکلے،اس کا بچہ اس کے پیچھے چل رہا تھا۔

حِذْقٌ: ترش ہونا۔پہچاننا۔کاٹنا۔ماہر ہونا۔سیکھنا۔حَذَقَ الْخَلُّ۔سرکہ خوب کھٹا ہو گیا۔

حِذْقَةٌ: ٹکڑا۔حصہ۔جمع حِذَقٌ۔

حِذْلٌ: جڑ۔ازار باندھنے کی جگہ۔کرتے کے دامن کی گولائی۔

حَذْلٌ: جھکنا۔ازار کا کنارہ۔کرتے کا کنارہ۔دامن۔مَنْ دَخَلَ حَائِطاً فَلْیَاْکُلْ مِنْ غَیْرِ اَخْذٍ فِیْ حَذْلِہٖ شَیْئاً۔جو شخص باغ میں داخل ہوا تو (گرا پڑا پھل) کھا سکتا ہے،مگر اپنے دامن میں کچھ نہ لے۔

حُذْلٌ: کرتے کا کنارہ۔ازار کا کنارہ۔کمر بند کے نیچے کا حصہ۔نیفے کے نیچے کا حصہ۔

حُذَلٌ: نیفہ۔دامن کا کنارہ۔

حُذْلَةٌ: کرتے کا کنارہ۔ازار کا کنارہ۔کمر بند کے نیچے کا حصہ۔نیفے کے نیچے کا حصہ۔ھُوَ فِیْ حُذْلِ اُمِّہٖ۔وہ اپنی ماں کی گود میں ہے۔

© rasailojaraid.com